# سیاحت کی انڈسٹری کے مسائل حل کرنا ضروری ہے



## سیاحت انڈسٹری کی سرکردہ شخصیت راشد بانڈے کا خصوصی پیغام

پاکستان میں دل لگانے کیلیے صرف پہاڑ ہی موجود نہیں ہیں بلکہ ان پہاڑوں کے دامن میں اور وادیوں میں موجود چراگاہیں جن کو انگریزی میں میڈوز کہا جاتا ہے، اپنے اندر خوبصورتی اور شادمانی کا سامان لیے ہوئے ہیں۔ یہ میڈوز آپ کے اندر ایک عجیب سی فرحت کا احساس بھر دیتے ہیں اور ان کی دور تک پھیلی ہوئی خوبصورتی دیکھ کر خالق کائنات کے آگے سجدہ ریز ہونے کو دل چاہتا ہے۔ ان کے علاوہ خوبصورت جنگلات اور ان میں ٹریکنگ کو سیاح زندگی بھر نہیں بھول پاتے، کیونکہ ان جنگلات کے راستوں میں سفر کرنا ایک رومانوی تجربہ ہوتا ہے۔

سیاحت انڈسٹری ملک ترقی سے ہمکنار کرنے کے لئے حکومت کے ساتھ ایک ہراول دستہ کی حیثیت سے کردار ادا کر رہی ہے ۔ ملک میں سیاحت انڈسٹری کے مسائل میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے جبکہ اس انڈسٹری کو مسلسل نظرانداز کیا جا رہا ہے جو کہ ملک کیلیئے نقصان دہ ہے اس لئے حکومت کو چاہئے کہ وہ بلا تاخیر اس پر توجہ دے کہیں ایسا نہ ہو کہ بہت دیر ہو جائے۔